# راعنا نام رکھنا کیسا؟

**مجیب:** مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3669

**تاریخ اجراء:** 28 رمضان المبارک 1446 ھ / 29 مارچ 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

بچی کا نام ”راعنا“ رکھنا کیسا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

”رَاعِنَا“ کوئی نام نہیں، بلکہ "راع" فعل امر مذکر کا صیغہ ہے اور اس کے بعد ”نا“ ضمیر ہے، جس کا معنی ہے: "تو ایک مرد ہماری رعایت کر۔" پس اول تو یہ نام نہیں اور دوسرا یہ مذکر کا صیغہ ہے، اس لیے بچی کا یہ نام نہ رکھا جائے۔

بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن کے نام پر رکھا جائے کہ اللہ تعالی کے پسندیدہ بندوں کے ناموں پر نام رکھنا مستحب ہے جبکہ وہ ان کے ساتھ مخصوص نہ ہو۔ لہذا آپ ”راعنا“ نام کی جگہ عائشہ، فاطمہ یا اس طرح کا کوئی مقدس نام رکھ لیجیے۔

مزید اچھے ناموں کی معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتاب ”**نام رکھنے کے احکام**“ کا مطالعہ فرمالیجیے

۔

القاموس الوحید میں ہے: راعي۔۔۔فلانا: رعایت کرنا، پاس داری کرنا، پاس خاطر رکھنا۔(القاموس الوحید، صفحہ 642، ادارہ اسلامیات، لاھور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے "تسموا بخیارکم "ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد 2، صفحہ 58، حدیث 2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

فتاوی رضویہ میں ہے ”محبوبان خدا انبیاء و اولیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء کے اسمائے طیبہ پر نام رکھنا مستحب ہے جبکہ ان کے مخصوصات سے نہ ہو۔“ (فتاوی رضویہ، ج 24، ص 685، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ ان کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد 3، حصہ 15، صفحہ 356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net